کیا گونگے کا ذبیحہ حلال ہے؟

مجیب: ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: Nor-13052

تاریخ اجراء: 04 ربیع الثانی 1445ھ / 20 اکتوبر 2023ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا گونگے کا ذبیحہ حلال ہے؟ اسلام اس بارے میں ہماری کیا رہنمائی کرتا ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

مسلمان اور کتابی گونگے کا ذبیحہ حلال ہے۔ واضح رہے کہ کتابی گونگے کا ذبیحہ اُسی وقت حلال ہے جب وہ واقعی کتابی ہو اور تکبیر پڑھ کر حلال جانور کو ذبح کرے، ورنہ اگر صرف نام کا کتابی (یہودی، نصرانی) ہو اور حقیقۃً نیچری اور دہریہ مذہب رکھتا ہو، جیسا کہ غیر مسلم ممالک میں آجکل کے نصاری کہلانے والوں کا حقیقت میں کوئی مذہب ہی نہیں ہوتا بلکہ وہ دہریے ہوتے ہیں، تو ایسے نام کے کتابی کا ذبیحہ بلاشبہ حرام و مردار ہے۔

مسلمان اور کتابی گونگے کا ذبیحہ حلال ہے۔ جیسا کہ فتاوی عالمگیری ہے: ”تؤکل ذبیحۃ الأخرس مسلما کان أو کتابیا، کذافي فتاوی قاضي خان۔“ یعنی مسلمان یا کتابی گونگے کا ذبیحہ کھایا جائے گا، جیسا کہ فتاوی قاضی خان میں مذکور ہے۔ (الفتاوی الھندیۃ، کتاب الذبائح، ج 05، ص 286، مطبوعہ پشاور)

کنز الدقائق میں ہے: ”(وحل ذبیحۃ مسلم و کتابي وصبي وامرأۃ وأخرس)“ یعنی مسلمان، کتابی، سمجھدار نابالغ بچے، عورت اور گونگے کا ذبیحہ حلال ہے۔

مذکورہ بالا عبارت کے تحت تبیین الحقائق میں ہے: ”والأخرس عاجز عن الذکر فیکون معذورا وتقوم الملۃ مقامہ کالناسي بل أولی۔“ یعنی گونگے کا ذبیحہ اس لیے حلال ہے کہ وہ ذبح کے وقت اللہ کا نام پڑھنے سے عاجز ہے، لہذا وہ معذور ہے اور اس کا دین اللہ عزوجل کا نام ذکر کرنے کے قائم مقام ہو جائے گا، جیسا کہ ذبح کے وقت

اللہ کا نام بھولنے والے کا مسئلہ ہے بلکہ گونگے میں معاملے میں تو یہ بدرجہ اولیٰ ہو گا۔(تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق، کتاب الذبائح، ج05، ص287، مطبوعہ ملتان)

بہارِ شریعت میں ہے: "**گونگے کا ذبیحہ حلال ہے اگر وہ مسلم یا کتابی ہو**، اسی طرح اقلف کا یعنی جس کا ختنہ نہ ہوا ہو اور ابرص یعنی سپید داغ والے کا ذبیحہ بھی حلال ہے" (بہار شریعت، ج03، ص316، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net